انفلوئنزا اور کرونا ویکسین 1-2-3 یعنی مختصر تعارف

کن لوگوں کو ویکسین لگوانی چاہیے؟

- 65 سال سے زیادہ عمر کے سب لوگوں کو یہ دونوں ویکسینز لگوانی چاہیئں۔
- دائمی مریضوں، شدید موٹاپا رکھنے والوں اور حاملہ خواتین کو بھی یہ ویکسینز لگوانی چاہیئں۔
- اگر آپ طے نہ کر سکتے ہوں کہ کیا آپ کو یہ ویکسینز لگوانی چاہیئں تو اپنے ڈاکٹر سے بات کریں۔

یہ ویکسینز کیسے اثر کرتی ہیں؟



- ویکسینز جسم کو انفلوئنزا وائرس اور کرونا وائرس کے خلاف اپنا دفاع کرنا سکھاتی ہیں۔
- ویکسینز کی ایک ڈوز ٹیکے سے بازو میں لگائی جاتی ہے۔ یہ دونوں ویکسینز الگ الگ بازو میں ایک ہی وقت میں لگوائی جا سکتی ہیں۔
- ویکسینز کا اثر شروع ہونے میں 1 سے 2 ہفتے لگتے ہیں۔

ویکسینیشن کے بعد



- کئی لوگوں کو ٹیکا لگنے کی جگہ پر تھوڑا سا درد ہوتا ہے اور اس جگہ تھوڑی سی سرخی اور سوجن ہو سکتی ہے۔
- کچھ لوگوں کو بخار اور پٹھوں میں درد ہوتا ہے اور وہ کچھ بیمار یا نہایت تھکا ہوا محسوس کرتے ہیں
- یہ تکلیفیں چند دن بعد خود بخود دور ہو جاتی ہیں۔
- اگر آپ ویکسینیشن کے بعد ہونے والی تکلیفوں کی وجہ سے پریشان ہوں تو ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

یہ معلومات یہاں سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں
www.fhi.no/influensavaksine اور
fhi.no/voksenvaksinasjon